مکمل صورت میں نافذ کرنے کا مطالبہ کریں۔ فاضل عدلیہ سے ہماری استدعا ہے کہ وہ جلد سے جلد ایسا اہتمام کریں جس سے غیر اسلامی قوانین ختم ہو سکیں۔ کہ اب انہیں اس ذمہ داری کا سزاوار بنا دیا گیا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ انہیں بھی خدا کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے۔

سنّت خیر الانام

راز کاشمیری

منبع صدق و صفا ہے سنّتِ خیر الانام
چشمۂ رُشد و ہدیٰ ہے سنّتِ خیر الانام

زندگی کا راستہ ہے سنّتِ خیر الانام
راہ بر ہے رہ نما ہے سنّتِ خیر الانام

آگ ہے اِک آگ ہے تہذیبِ حاضر دوستو
مہکی مہکی سی صبا ہے سنّتِ خیر الانام

اُن کی سیرت صورتِ قرآن دیکھا کیجئے
کیمیا در کیمیا ہے سنّتِ خیر الانام

غنچۂ دل کو صبا ہے نامِ پاک مصطفےٰ!
اک بہارِ جانفزا ہے سنّتِ خیر الانام

بے گماں مشکل کشا ہے ہر حدیثِ مصطفےٰ
بے گماں مشکل کشا ہے سنّتِ خیر الانام

آپؐ نے جو کچھ کہا وہ کرکے بھی دکھلا دیا
معجزوں میں معجزہ ہے سنّتِ خیر الانام

بعد از قرآن راز اپنا یہی ایمان ہے
دین و دُنیا کی دوا ہے سنّتِ خیر الانام